**Class: X**

**Post Mid Term Examination:2024-25**

**Subject: Urdu (Code 303)**

**Maximum Marks: 80**

**Set:A**

**مقررہ وقت: تین گھنٹے**

**کل صفحات ۔ ۷**

**( اردو کورس ۔ بی )**

**ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات کے جواب ہر حصہ میں موجود ہدایت کے مطابق تحریر کیجئے ۔**

**حصہ (الف ) عبارت فہمی اور شعر فہمی**

**Part-A (20Marks)**

سوال نمبر۱: مندرج ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے ؟ ۵

ہندوستان میں پہلا اخبار ۱۷۴۴میں انڈیا گزٹ کے نام سے شایع ہوا تھا۔ اس کی مقبولیت کو دیکھ کر بنگال میں کچھ اور بھی اخبارات شایع ہونے لگے تھے۔ یہ دیکھ کر لارڈلٹن نے ہندوستانی زبان میں اخبارات نکالنے پر پابندی عاید کردی۔ بعد میں لارڈین نے اس پابندی کو ختم کر دیا۔ اخبارات عوام میں سیاسی شعور، راے عامہ کی تشکیل اور معلومات میں ہونے والے واقعات حادثات ، سیاسی نظریات، صنعتی اقدامات، سائینسی ایجادات اور موسمیات وغیرہ کی تازہ ترین اطلاعات ملتی رہتی ہے۔ جیسے جیسے لوگوں میں تعلیمی شعور اور کاروبار کا شوق بڑھتا جا رہا ہے، ویسے ویسے دنیا کی مختلف زبانوں میں اخبارات کی اشاعت بڑھتی جا رہی ہے۔ سوشل میڈیا کے اس دور میں بھی اخبارات کی اہمیت و معنویت میں کوی خاص کمی نہیں آی ہے۔ اخبار بینی سے مختلف ممالک کے باشندوں میں ایک دوسرے سے قربت، ہمدردی، اور خلوص کا جزبہ پیدا ہوتا ہے۔ اسی لیے اخبار کو ادیب دوست کہا جاتا ہے۔

i۔ ہندوستان کا پہلا اخبار کب شایع ہوا؟

(الف )۱۶۶۵ ( ب )۱۹۵۵ - ( ج )۱۸۷۴ ( د )۱۷۴۴

ii۔ اخبار کس نام سے شایع ہوا تھا؟

(الف ) سیدالا خبار ( ب )انڈیا گزٹ ( ج )ٹائمس آف انڈیا ( د )انقلاب

iii - اخبار کی اشاعت پر کس نے پابندی لگای ؟

( الف ) لارڈ ولزلی ( ب ) لارڈ کزن ( ج ) لارڈ لٹن ( د ) لارڈ پن

iv- کس نے پابندی ختم کر دی ؟

( الف ) لارڈ ولزلی نے ( ب ) لارڈین نے ( ج ) لارڈکزن نے ( د ) لارڈلٹن نے

v- اخبار بینی کے کیا معنی ہیں ؟

( الف ) خبر دینا ( ب ) اخبار پڑھنا ( ج ) خبر سنانا ( د ) خبر بیچنا

سوال نمبر ۲: مندرج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے - ۵

یارب رہے سلامت ہندوستان ہمارا
پھلے پھولے ہمیشہ گلستان ہمارا
گنگ و جمن، ہمالہ ،کشمیر، اتراکھنڈ
ہے کتنا خوبصورت یہ گلستان ہمارا
بچوں کے سر پہ رکھا ماں کا ہو جیسے آنچل
امن واماں کا ٹھنڈا یہ سائباں ہمارا
بڑھتا رہے گا یوں ہی تو دیکھ لینا
گوتم کا گاندھی کا ہندوستان ہمارا

i- ہندوستان کو کیا کہا گیا ہے ؟

i-سلامت ii- گلستاں iii- ملک iv - ہمالہ

ii- اس نظم میں شاعر کس سے مخاطب ہے ؟

i- ہندوستانیوں سے ii- رب سے iii- گلستان سے iv- گاندھی جی سے

iii- اتراکھنڈ کے علاوہ کس مشہور علاقے کا ذکر ہوا ہے ؟

i-کشمیر ii- نینی تال iii- بنارس iv- الہ اباد

iv- سلیباں کی مثال کس چیز سے دی گئ ہے ؟

i - ظلم وستم ii- امن وامان iii- گلستاں iv- زمان ومکان

v- اس نظم میں گاندھی جی کے علاوہ کس مشہور شخصیت کا ذکر ہوا ہے ؟

i-اقبال ii- سہیل عظیم آبادی iii- مولانا آزاد iv - گوتھم بدھ

سوال نمبر۳:درجہ ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھے ؟۵

بابا فرید کے والد کا نام جمال الدین تھا۔ بابا فرید کے والد بھی تعلیم یافتہ اور سچے مسلمان تھے ۔ابتدای تعلیم انھوں نے اپنے والدین سے حاصل کی ۔ ان کی والدہ ایک صوفی خاتون تھیں۔انہوں نے بچپن سے ہی ننھے فرید کو خدا پرست لوگوں اور اولیاء اللہ کے بارے میں بتایا اس لیے آپ لڑکپن سے صوفیوں سے متاثر ہونے لگے ۔نوجوانی میں آپ کی ملاقات حضرت بختیار کاکی رح سے ہوی ۔آپ کے دل میں ان کے مرید ہونے کی شدید خواہش پیدا ہوی۔ اسی لیے آپ دہلی آکر ان کے ساتھ رہنے لگے۔ حضرت قطب الدین بختیار کاکی رح نے آپ کو مرید کرلیا۔ اور مزید علم حاصل کرنے کی ہدایت کی چنانچہ آپ نے ملتان کے مدرسے میں تعلیم حاصل کی ۔ پھر اعلی تعلیم کے لیے قندھار چلے گیے واپس آکر اپنے پیر حضرت بختیار کاکی رح سے روحانی تربیت حاصل کی ۔

۱۔ بابا فرید ؒ نے ابتدای تعلیم کہاں سے حاصل کی؟۱

i- دہلی سے ii- ملتان سے iii- قندھار سے iv - والدین سے

۲۔ بابا فرید ؒ کے والد کا نام کیا تھا ؟ ۱

i- جمال الدین ii- قطب الدین iii- عمر الدین iv- خلاف الدین

۳۔ ننھے فرید کو خدا پرست لوگوں اور اولیاء اللہ کے بارے میں کس نے بتایا؟ ۱

i- ان کے والد نے ii- ان کی والدہ نے iii- قطب الدین بختیار کاکی رح iv- صوفیوں نے

۴۔ قطب الدین بختیار کاکی ء کہاں کے رہنے والے تھے ؟ ۱

i- قندھار ii- ملتان iii- دہلی iv- ایران

۵۔ بابافرید نے اپنے پیر صاحب کی ہدایت پر کہاں کے مدرسے میں تعلیم حاصل کی؟ ۱

i- دہلی ii- ملتان iii- مقامی iv- ایران

**( ب )**

سوال نمبر۴: درجہ ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے؟۵

تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا
کیسی زمیں بنائی کیا آسماں بنایا
مٹی سے بیل بوٹے کیا خوشنما اگاے
پہنا کے سبز خلعت ان کو جواں بنایا
سورج سے ہم نے پائی گرمی بھی روشنی بھی
کیا خوب چشمہ تو نے اے مہرباں بنایا
یہ پیاری پیاری چڑیاں پھرتی ہیں جو چہکتی
قدرت نے تیری ان کو تسبیح خواں بنایا
رحمت سے تیری کیا کیا ہیں نعمتیں میسر
ان نعمتوں کا تجھ کو ہے قدر دان بنایا

۱۔ اس دنیا کی تخلیق کس نے کی ؟
۲۔ خدا نے مٹی سے کیا اگاے؟
۳۔پیاری پیاری چڑیاں کس کی تسبیح بیان کرتی ہیں ؟
۴ ۔ خوشنما، کے کیا معنی ہیں ؟
۵۔ اس نظم میں کس کی تعریف کی گئی ہے ؟

## حصہ (ب) تحریری مہارت–Writing Skills

**Part-B (25Marks)**

سوال نمبر۵: نیچے لکھے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے؟ ۱۰

i- صبح کی سیر کے فائدے ii سائنس کے فواعد ونقصانات

سوال نمبر۶: کتابیں منگوانے کے لیے بک سیلر کے نام ایک خط لکھیے۔ ۵

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل کو دو دنوں کی چھٹی کے لیے درخواست لکھیے ؟

سوال نمبر۷: حبیب تنویر کاتعارف کراتے ہوے ان کی مشہور تصنیفات کاذکر کیجیے۔۵

یا

کارتوس، سبق کا خلاصہ لکھیے۔

سوال نمبر۸: شامل نصاب نظم پہاڑ اور گلہری، میں شاعر نے کیاپیغام دیا ہے۔ ۵

یا

نظم۔ اے شریف انسانوں کا مرکزی خیال پیش کیجیے۔

## حصہ (ج) عملی قواعد۔ Grammar

## Part-C (20Marks)

سوال نمبر۹: درجہ ذیل میں سے صرف آٹھ سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے :

(i): نیچے دیے ہوے لفظوں میں مزکر اور مونث چھانٹ کر لکھیے؟ ۲

(i) درزن ۔(ii) ملازم

(ii) واحد کی پہچان کیجیے؟ ۲

(i) تصانیف (ii) سلاطین (iii) اشتہار (iv) تصاویر

(iii) گلفام کل جرمنی پہنچ گیا، یہ فعل کی کون سی قسم ہے ؟۲

(a) فعل ماضی (b) فعل حال (c) فعل مجہول (d) فعل مستقبل

(iv) غریبوں میں کھانا تقسیم کیاگیا، یہ فعل کی کون سی قسم ہے ؟۲

(a) فعل معروف (b) فعل مجہول (c) فعل حال (d) فعل مستقبل

(v) درج ذیل الفاظ میں سے کس میں لاحقہ، استعمال ہوا ہے ؟۲

(a) انگیز (b) بروقت (c) خوش (d) بد

(vi) ذیل میں دیے الفاظ کے مترادف الفاظ بنایں؟۲

(I) ظلم (i i)۔آب

(vii) نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے متضاد لکھیے ۲

(i) جدید۔ (ii) مغرب

(viii) درج ذیل میں سے مونث کی پہچان کیجیے ؟۲

(i) درخت (ii) راستہ (iii) ہتھوڑا (iv) کرسی

سوال نمبر۱۰: درجہ ذیل الفاظ محاوروں اور کہاوتوں کو جملوں میں استعمال کیجیے ؟۴

(i) جیسی کرنی ویسی بھرنی

(ii) بول بالا ہونا

(iii) مان رکھنا

(iv) پاوں اکھڑنا

حصہ ۔(د) ادب Literature

**Part - D (15 Marks)**

سوال نمبر۱۱: مندرج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے ۔۶

(i) تخت نشینی کے بعد رضیہ نے کیا عہد کیا ؟

(ii): مرزا غالب کے کلام کی دو خصوصیات تحریر کیجیے ؟

(iii) تھیکرے نے اپنے کردار کی بے تکلفی کا ذکر کس طرح کیا ہے ؟

سوال نمبر۱۲: مندرج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے ۔ ۲

(i) پرانے زمانے کی تین بڑی یونیورسٹیوں کے نام لکھیے ؟

(ii) دادا صاحب کی فلم میں سب سے پہلے عورتوں کا کردار کس نے ادا کیا؟

سوال نمبر۱۳: مندرج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے -۴

(i) سعادت علی کو انگریزوں نے تخت پر کیوں بٹھایا؟

(ii) بے تکلفی سے کیا پریشانی ہوتی ہے ؟

سوال نمبر۱۴: درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے ؟۳

(i) بابا فرید کے پیر و مرشد کون تھے ؟

(ii) ڈایری لکھنے کو اردو میں کیا کہتے ہیں ؟

(iii) نصاب میں شامل نظیر اکبرآبادی، کی نظم کا نام لکھیے ؟